ڈالی گئی ہے۔ یوں اس کتاب میں نہایت جامعیت کے سلاتھ سلام کرنے اور اس کا جواب دینے کی اہمیت واضح کرنے کے ساتھ اس ضمن میں ضروری آداب بھی بتادیئے گئے ہیں' مثلاً کن حالات میں سلام نہ کیا جائے' مصافحے اور معانقے کی اجازت' اہل کتاب اور غیر مسلموں کو سلام کرنا وغیرہ۔

سلام کے احکام وآداب پر اس کتاب میں جملہ معلومات یکجا کر دی گئی ہیں۔ اس کتاب کا مطالعہ متعلقہ موضوع پر لکھی گئی دوسری کتابوں سے بے نیاز کر دے گا۔ یہ کتاب مسلمان لڑکے' لڑکیوں اور بڑوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ خوبصورت ٹائٹل اور دیدہ زیب کمپوزنگ اضافی خوبیاں ہیں۔

(۲)

نام کتاب : تاریخ محمد ﷺ
مصنف : ایم ڈی فاروق' ایم اے' ایل ایل بی
ضخامت : 578 صفحات 30X20/8
قیمت : 300 روپے
ملنے کا پتہ : ادارۂ اشاعت قرآن وتاریخ اسلام (ہسٹری سنٹر)
113۔سی' ماڈل ٹاؤن لاہور

''تاریخ محمد ﷺ'' کا مصنف تاریخ اسلام کے ساتھ گہری دلچسپی رکھتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ذوقِ تحقیق سے بھی مالا مال ہے۔ اس کے اپنے قول کے مطابق اس کی والدہ نہایت پارسا' بلند کردار' عبادت گزار' تلاوت قرآن کی مشتاق اور رسول اللہ ﷺ سے والہانہ عقیدت رکھنے والی خاتون تھیں۔ اس پاکیزہ تربیت نے اسے بھی حب رسول کے جذبے سے سرشار کیا جس کے نتیجہ میں روضۂ رسولؐ پر حاضری کے دوران ان کے دل میں رسول اللہ ﷺ کے حالاتِ زندگی پر مشتمل کتاب لکھنے کا داعیہ پیدا ہوا۔

مصنف نے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ کتب تاریخ وسیر کا مطالعہ کیا ہے اور